# تعمیراتی پلانٹ مکینک
# ٹریڈ ٹیسٹ
# موک پریکٹیکل ٹیسٹ پیپر

此文件關於建造機械技大工工藝測試考題。如有需要索取此文件的中文版本，請致電 2100 9000 與香港建造業工藝測試中心聯絡。

This document related to mock test paper of skilled trade test for Construction Plant Mechanic. Should you require an English version of this document, please contact Hong Kong Construction Industry Trade Testing Centre at 2100 9000.

# اظہار لا تعلقی

سی آئی سی کی لکھی ہوئی اجازت کے بغیر اس مواد کے کسی بھی حصے کو دوبارہ چھاپہ, تیار یا منتقل کسی بھی طرح سے یا کسی بھی مقصد کے لئے نہیں کیا جا سکتا. جبکہ اس مواد میں شامل معلومات کی درستگی کو یقینی بنانے کے لئے مناسب کوششیں کی گئی ہیں, اس کے باوجود سی آئی سی ہمیشہ قارئین کو جتنا ممکن ہو اپنے پیشہ ور مشیروں سے آزادانہ مشورہ طلب کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گا اور قارئین کسی متعلقہ اقدامات کے لئے ایسے پیشہ ور مشورے کے لئے اس مواد کو بطور متبادل نہ سمجھیں اور نہ ہی اس پر انحصار کریں۔

# معلومات

اس مواد کے بارے میں انکوائری ہانگ کانگ کنسٹرکشن انڈسٹری ٹریڈ ٹیسٹنگ سینٹرمیں کی جا سکتی ہے.


95, یی کوونگ روڈ
آبرڈین
ہانگ کانگ

95, Yue Kwong Road
Aberdeen
Hong Kong

ٹیلی فون: (852) 2100 9000
فیکس: (852) 2100 9090
ای میل: enquiry@cic.hk
ویب سائٹ: www.cic.hk


© 2020 تعمیراتی صنعتی کاؤنسل.

# ٹریڈ ٹیسٹ پیپر

ٹریڈ : تعمیراتی پلانٹ مکینک
گریڈ : کاریگر

ٹیسٹ کا مواد : حصہ A : لازمی اشیاء
دوورانیہ : 4½ گھنٹے

تجویز کردہ مقام پر درج ذیل (7) اشیاء مکمل کریں:

مارکس

1. بحوالہ منسلکہ نقشہ، 5 ملی میٹرموٹی .m.s پلیٹ پر نشان زد کریں، رگڑیں اور آری سے کاٹیں۔ 5

درکار مثلثی شکل میں پلیٹ کا ڈھالنا

2. بحوالہ منسلکہ نقشہ، جوشکاری برقی رو کو ترتیب دینا اور .m.s پلیٹ کے دونوں اطراف دھاتی جوش کاری کرنا 10

3. آکسیجن اور ایسیٹیلین شعلہ جو تراشندہ کو ٹھیک طریقے سے ترتیب دینا اور اسکی جانچ کرنا، دباؤ رتیب دینا اوردو خطوط کے مطابق کام کے ٹکڑوں کو کاٹنا (ہر ایک لمبائی میں 100 ملی میٹر)۔ 10

4. درکار لمبائی کے مطابق ∅20 ملی میٹر GI پائپ تراشنا، اسکی چوڑی بنانا اور اسے دی گئی کوپلنگ میں نصب کرنا۔ 5

5. گیسو لین انجن واٹر پمپ کے ذریعے پانی کی نلکی منسلک اور منقطع (بعد ازاں) کر کے پانی کے ٹینک سے پانی نکالنا۔ 5

6. آلہ ضبط رفتار کے ایک سیٹ کو اتارنا اور جوڑنا بشمول روغنیات، ضبط رفتار قرص کی ترتیب اور کام کی آزمائش۔ 15

7. پیٹرول سے چلنے والے کنکریٹ ارتعاش کار کے تمام حصوں کو علیحدہ کرنا، مرمت کرنا اور جوڑ کر کام کی حالت میں لانا۔ 15

امتحانی مواد : حصہ B : منتخب اشیاء
دورانیہ : 1½ گھنٹے
B(1) : برائے عماراتی کاموں کی درخواستیں
B(2) : برائے سول انجینئرنگ کاموں کی درخواستیں

<u>حصہ B(1)</u>

تجویز کردہ مقام پر درج ذیل (3) اشیاء مکمل کریں:

<u>مارکس</u>

1. مرمت کے لئے برقی کنکریٹ ارتعاش کار کے حصوں کو علیحدہ کرنا جیسا کہ کنکٹر، کوپلنگ اور برقی حصے اور پھر جوڑنے کے بعد برقی محجوزیت کی پیمائش اور جاری امتحان کرنا۔ 10

2. بلند دباؤ کے آبی پمپ کے تمام حصوں کی علیحدگی اور جوڑنا اور بہاؤ کی سمت، بہاؤ کی شرح اور آبی دباؤ کی جانچ کرنا 15

3. کام کے طریقہ کار او سائٹ پر آویزاں اشیاء کی تعمیروعلحیدگی کے بارے میں سوالات کے درست جواب ( علیحدہ شیٹ پر) دینا۔ 10

حصہ B(2)

تجویز کردہ مقام پر درج ذیل (2) اشیاء مکمل کریں:

1. 4 اسٹروک اندرونی دہن ڈیزل انجن کے اندرونی اور بیرونی والوز کی صفائی کا معائنہ اور انہیں ترتیب دینا، سلگنے کے مقام پر پہلا بیلن (سلینڈر) ترتیب دینا اور جوڑنے کے بعد رننگ آزمائش کرنا۔ 20

رننگ آزمائش اندرون 3 مرتبہ ہو۔ (زیادہ سے زیادہ 20 سیکنڈ فی مرتبہ)، ورنہ اس شے کا کوئی اسکور نہ ہوگا۔

2. درکاردباؤ تک ہائیڈرولک بیلن کی ترتیب کاری اور پھر ایک روغنی سربند کی تبدیلی۔ 15


دورانیہ : 6 گھنٹے (سوائے ظہرانہ)

نوٹس : (1) دوران امتحان حفاظتی اقدامات اختیار نہ کرنے پر امیدوار کو فیل کر دیا جائے گا۔


(2) امتحانی پرچہ 4 صفحات پر مشتمل ہے۔ مجموعی اسکور 100 جس میں 65 اسکور حصہ A اور 35 اسکور حصہ B کے لئے مختص ہے۔ پاس ہونے کے لئے 60 مارکس درکار ہیں۔

# <u>ٹریڈ امتحان برائے تعمیراتی پلانٹ مکینک</u>
## <u>کاموں کا نقشہ</u>

شکل (1):
ذیل میں دکھائی گئی مثلثی شکل میں 5 ملی میٹر موٹی m.s. پلیٹ ک نشان زد کریں، آری سے کاٹیں اور فائل سے رگڑیں:





شکل (2):
m.s. پلیٹ کے دونوں اطراف دھاتی جوش کاری کریں




نقشہ تمام پیمانے کے لئے نہیں
طول و عرض ملی میٹر میں


شکل (3):




<u>تفصیلات وضروریات</u>

1. پلیٹ پر کھینچے گئے خطوط کے ساتھ ساتھ کام کے ٹکڑے کی تراش خراش۔
2. امیدوار کا فرش پر کام کرنا درکار ہے۔
3. تراشے گئے شگاف کی چوڑائی کے سیدھے پن کی پیمائش (ٹالیرنس) 3 ملی میٹر سے زائد نہ ہو۔
4. تراشے گئے شگاف کی چوڑائی کی چوڑائی 4 ملی میٹر سے زائد نہ ہو۔
5. تراشے گئے شگاف کی چوڑائی کا عمود 2.5 ملی میٹر سے زائد نہ ہو۔
6. تراشے گئے شگاف کی چوڑائی کے پیندے میں لگا دھاتی میل ہٹایا جائے گا.

شکل (4):




| |
|---|
| نقشہ تمام پیمانے کے لئے نہیں |
| طول و عرض ملی میٹر میں ہیں |

**نوٹس برائے امیدوار:**

1. امیدواروں کو امتحانی پرچے بغور پڑھنے چاہئیں اور کسی سوال کی صورت میں ممتحن سے رابطہ کرنا چاہیے۔
2. امیدواروں کو امتحان شروع ہونے سے قبل امتحانی پرچے سے منسلکہ خاکوں اور تخصیصات، اگر کوئی ہوں، کا مطالعہ کرنا چاہیے۔
3. امیدواروں کو فراہم کردہ امتحانی پرچوں، عملی خاکوں اور تخصیصات کے مطابق امتحان دینا چاہیے۔
4. امیدواروں کو اپنے ذاتی حفاظتی جوتے لانے ہوں گے، دیگر حفاظتی سازوسامان پیشہ ورانہ مہارت کے امتحانی مرکز کی جانب سے فراہم کیے جائیں گے۔ امیدواروں کو با حفاظت کام کی انجام دہی کے لیے تمام ضروری حفاظتی تدابیر لازماً اختیار کرنا ہوں گی۔
5. امتحان کے لیے درکار تمام آلات اور سازوسامان پیشہ ورانہ مہارت کے امتحانی مرکز کی جانب سے فراہم کیے جائیں گے، امیدواروں کو ان کی موزونیت اور معیار کی جانچ کر لینی چاہیے۔ امیدواروں کو آلات اور سازوسامان مجوزہ پیشہ ورانہ طریقۂ کار کے مطابق درست طور پر استعمال کرنا ہوں گے۔ امتحان کے بعد تمام آلات کو لازماً پیشہ ورانہ مہارت کے امتحانی مرکز کو واپس کرنا ہوگا۔ کسی بھی مسئلے کی صورت میں امیدوار ممتحن سے پوچھ سکتے ہیں۔
6. امیدواروں کو امتحان میں استعمال کرنے اور متعلقہ افعال انجام دینے کے لیے آلات اور سازوسامان کو برتنا اور اٹھا کر لانا لے جانا ہوگا۔
7. ممتحن، امتحان کے دوران وقفے وقفے سے بطور ریکارڈ تصاویر لے گا۔
8. امیدواروں کو کیمرے یا موبائل فون کے ساتھ کوئی تصویر یا ویڈیو لینے کی اجازت نہیں ہے۔
9. ہنگامی صورتحال کے علاوہ، امتحان کے دوران امیدواروں کو اپنے موبائل فون کا استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
10. اسکور دیے جانے کا عمل درج ذیل معیارات پر مبنی ہوگا:

   a) خاکے اور تخصیص کو سمجھنا
   b) امتحان شروع کرنے سے قبل کاموں کی تیاری
   c) کام کی انجام دہی کے طریقِ کار
   d) کاموں کی درستگی اور معیار
   e) کاموں میں پیش رفت
   f) سازوسامان کو درست انداز میں برتنا اور استعمال کرنا
   g) آلات اور سازوسامان کا درست استعمال
   h) حفاظتی تدابیر
   i) دیگر پیشہ ورانہ مہارتوں کو پیشِ نظر رکھنا
   j) امتحان مکمل ہونے کے بعد جگہ کی صفائی

11. مقررہ وقت ختم ہونے پر تمام امیدواروں کو لازماً کام روک دینا ہوگا۔

12. امتحان کے بعد امیدواروں کو امتحانی پرچہ ممتحن کے حوالے کرنا ہوگا۔

13. ممتحن کو رشوت کی پیشکش کرنا قانونی جرم ہے اور ایسی صورت میں پیشہ ورانہ مہارت کا امتحانی مرکز ICAC کو مطلع کرے گا۔

**اگر امیدوار حفاظتی تدابیر اختیار کرنے میں ناکام رہا اور / یا خطرناک صورتحال میں کام کیا، تو اسے فیل قرار دے دیا جائے گا۔**